ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(16)

مورخہ 08.01.24

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ 02 روز کی مختلف کارروائیوں میں 07 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ اوچشریف، تھانہ چنی گوٹھ اور تھانہ قائم پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 05 ملزمان نذیر احمد، عثمان، مظہر حسین، مجاہد حسین اور کالو رام کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 260 لیٹر دیسی شراب اور 71 بوتلیں ولائتی شراب برآمد کرلی۔جبکہ تھانہ صدر احمد پور شرقیہ پولیس نے منشیات فروش فرحان ملک کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 04 کلو 920 گرام چرس برآمد کرلی۔اسی طرح تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے کے مرتکب ملزم سہیل اختر کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 01 عدد پسٹل 9mm برآمد کیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ 02 روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (17)

مورخہ 08.01.24

**بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، منشیات فروشوں کے خلاف تھانہ سول لائنیز کی چوکی لاری اڈا کی کامیاب کارروائی 06 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات وشراب برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ سول لائنیز کی چوکی لاری اڈا پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر 06 ملزمان شاہد عباس، کریم بخش، سلیم، گلزار، طاہر اور افضل کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 01 کلو 180 گرام ہیروئن، 01 کلو 210 گرام چرس، 21 گرام کرسٹل آئس، 10 کلو گرام بھنگ اور 20 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، منشیات ایک لعنت ہے، معاشرے کو اس لعنت سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ بہترین کارروائی پر ڈی پی او سید محمد عباس نے تھانہ سول لائنز پولیس کو سراہا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، منشیات فروشوں کے خلاف تھانہ سول لائنیز کی چوکی لاری اڈا کی کامیاب کارروائی متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات وشراب برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (18)

08.01.24

**بہاول پور(         )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات ، تھانہ صدر حاصل پور کی کامیاب کارروائی، پکار 15 پر ڈکیتی کی جھوٹی کال کرنے والا گرفتار۔معیاری تفتیش سے سچ سامنے آ جاتا ہے، پولیس کو چکما دینے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس ہدایات کی روشنی میں ایس ایچ او تھانہ صدر حاصل پور نے پکار 15 پر ڈکیتی کی جھوٹی کال کرنے والے چشتیاں کے رہائشی سہیل اختر کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز چشتیاں کے رہائشی سہیل اختر نے پکار 15 پر کال کی کہ نامعلوم افراد نے میرا 15 لاکھ اسلحہ کے زور پر چھین لیا ہے اور ایک فائر بھی کیا جو میری گاڑی کی سکرین پر لگا۔ تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے تفتیش عمل میں لاتے ہوئے نہ صرف کالر کا جھوٹ بے نقاب کیا بلکہ اپنی گاڑی پر فائر کرنے والا پسٹل بھی برآمد کرلیا۔ اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جھوٹ پر مبنی اطلاع دینے سے نہ صرف پولیس کا قیمتی وقت ضائع ہوتا ہے بلکہ کوئی مستحق شخص پولیس کی بروقت مدد سے محروم ہوسکتا ہے۔ جھوٹ پر مبنی کال کرنا ایک سنگین جرم ہے۔ جس کا احتساب ضروری ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ صدر حاصل پور کی کامیاب کارروائی، پکار 15 پر ڈکیتی کی جھوٹی کال کرنے والا گرفتار، اسلحہ ناجائز برآمد